## غیر ترقیاتی اخراجات پر کھربوں روپے خرچ کرنے کے بجائے ہنگامی بنیادوں پر ڈیزاسٹر مینجمنٹ سیل کومنظّم اور جدید بھاری مشینری سے لیس کیا جائے۔الطاف حسین

## 61 سال میں ہم آج تک آگ بجھانے اور حادثات کے موقع پر امدادی کارروائیوں میں استعمال ہونے والی جدید اور بھاری مشینری حاصل نہ کر سکے

## دہشت گردی سے نمٹنے ،آگ بجھانے اور حادثات کے موقع پر امدادی کارروائیوں میں استعمال ہونے والی جدید اور بھاری مشینری ہنگامی بنیادوں پر حاصل کی جائے

لندن۔۔۔21 ستمبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حکومت پاکستان سے کہا ہے کہ غیر ترقیاتی اخراجات اور غیر ملکی دوروں پر اربوں کھربوں روپے خرچ کرنے کے بجائے ہنگامی بنیادوں پر ڈیزاسٹر مینجمنٹ سیل کو منظّم کیا جائے ،اسے جدید ٹیکنالوجی پر مبنی بھاری مشینری سے لیس کیا جائے اور دہشت گردی کے حملوں سے نمٹنے ،آگ بجھانے اور حادثات کے موقع پر امدادی کارروائیوں میں استعمال ہونے والی جدید اور بھاری مشینری ہنگامی بنیادوں پر حاصل کی جائے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ 61 برسوں کے دوران ہر سال حکمرانوں کے غیر ملکی دوروں اور مختلف قسم کے غیر ترقیاتی اخراجات پر قومی خزانے سے اربوں کھربوں روپے خرچ کئے جاتے ہیں لیکن 61 سال میں ہم آج تک آگ بجھانے اور حادثات کے موقع پر امدادی کارروائیوں میں استعمال ہونے والی جدید اور بھاری مشینری حاصل نہ کر سکے۔یہی وجہ ہے کہ 8 اکتوبر 2005ء کو جب آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں قیامت خیز زلزلہ آیا تو ہمارے پاس وادی کشمیر سے لاشیں اور زخمیوں کو نکالنے کیلئے ہیلی کاپٹر نہیں تھے۔حتیٰ کہ زلزلے سے تباہ حال عمارتوں کا ملبہ ہٹانے کیلئے بھاری مشینری بھی نہیں تھی ۔اس موقع پر بھی پاکستان کو بیرونی ممالک سے ہیلی کاپٹروں اور بھاری مشینری کی درخواست کرنا پڑی جسکے بعد امریکہ ،برطانیہ ،فرانس ،جرمنی ،ڈنمارک ،چائنا اور دیگر ممالک کی امدادی ٹیمیں جدید مشینری لیکر آئیں جنہوں نے نہ صرف بھاری ملبہ سے لاشوں کو نکالا بلکہ لوگوں کی جانیں بھی بچائیں۔انہوں نے کہا کہ کل بھی اسلام آباد میں میریٹ ہوٹل کے سامنے ہونے والے خودکش بم دھماکے کے بعد جب ہوٹل کو آگ لگی تو اس آگ کو بجھانے کیلئے ہمارے پاس جدید اسنارکل تک نہیں تھی اور جو فائر بریگیڈ کی جو گاڑیاں آگ بجھانے وہاں پہنچیں بھی تو انکے پریشر پمپ کے موٹر کی بیٹریاں تک چارج نہیں تھیں ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اب یہ مذاق ختم ہونا چاہیے اور غیر ترقیاتی اخراجات کو کم کر کے ہنگامی بنیادوں پر ڈیزاسٹر مینجمنٹ سیل کو منظّم کیا جائے ،اسے جدید ٹیکنالوجی اور بھاری مشینری سے لیس کیا جائے اور دہشت گردی کے حملوں سے نمٹنے ،آگ بجھانے اور حادثات کے موقع پر امدادی کارروائیوں میں استعمال ہونے والی جدید اور بھاری مشینری ہنگامی بنیادوں پر حاصل کی جائے۔

## میریٹ ہوٹل خودکش بم دھماکے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والوں میں ایم کیوایم کے ایک ہمدرد رئیس احمد بھی شامل ہیں

## رئیس احمد شہید کورنگی یونٹ 75 سیکٹر B-41 کے رہائشی تھے اور میریٹ ہوٹل میں ملازم تھے

کراچی۔۔۔21 ستمبر 2008ء۔۔۔ہفتہ کو اسلام آباد کے میریٹ ہوٹل کے سامنے ہونے والے خودکش بم دھماکے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والوں میں ایم کیوایم کے ایک ہمدرد رئیس احمد بھی شامل ہیں جن کا تعلق کراچی کے علاقے کورنگی سے تھا۔رئیس احمد شہید کورنگی یونٹ 75 سیکٹر B-41 کے رہائشی تھے اور میریٹ ہوٹل میں ملازم تھے۔رئیس احمد کے جاں بحق ہونے کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے ذمہ داران ،کارکنان اور علاقائی یوسی ناظمین رئیس احمد کے گھر پہنچ گئے اور ان کے لواحقین سے تعزیت کی ۔رئیس احمد شہید کی میت آج صبح اسلام آباد سے بذریعہ طیارہ کراچی لائی گئی جسکے بعد مرحوم کو کورنگی نمبر ایک کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔رئیس احمد شہید کے جنازے میں ایم کیوایم کے ناظمین ،کورنگی سیکٹر کے ذمہ داران ،کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی ۔

## خودکش بم دھماکے میں ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے ہمدرد رئیس احمد کے جاں بحق ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21 ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے میریٹ ہوٹل کے سامنے ہونے والے خودکش بم دھماکے کے نتیجے میں ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے ہمدرد رئیس احمد کے جاں بحق ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے رئیس احمد شہید کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی

کہ اللہ تعالیٰ رئیس احمد شہید کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## اے پی ایم ایس او کے وفد کی چیئرمین وحیدالزماں کی سربراہی میں جامعہ کراچی کے وائس چانسلر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم سے ملاقات
## وفد نے وائس چانسلر کو طلباء کے مسائل پیش کئے اور جامعہ میں تعمیراتی کاموں کو سراہا
## اے پی ایم ایس او نے ہمیشہ جامعہ کراچی کے وقار کو بلند کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے، وائس چانسلر جامعہ کراچی

کراچی۔۔۔21، ستمبر 2008ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ آرگنائزیشن کے چیئرمین وحیدالزماں کی سربراہی میں ایک وفد نے گزشتہ روز جامعہ کراچی کے وائس چانسلر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم سے ملاقات کی اور انہیں طلباء کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ وفد میں اے پی ایم ایس او کے وائس چیئرمین نعمان احمد اور جوائنٹ سیکریٹری ارشاد احمد بھی شامل تھے۔ ملاقات میں اے پی ایم ایس او کے چیئرمین وحیدالزماں نے وائس چانسلر جامعہ کراچی ڈاکٹر پیرزادہ قاسم سے بات چیت کرتے ہوئے جامعہ کراچی میں تعمیر و ترقی اور تعلیمی ماحول کو بہتر بنانے کیلئے اے پی ایم ایس او کی جانب سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ کراچی میں بائیومیڈیکل گارڈن کا انعقاد اور اسکے علاوہ بائیو بینک کی تعمیر سے طلباء کے مسائل حل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ کراچی ایک معیاری درسگاہ ہے اور یہ درسگاہ تیزی سے ترقی کی طرف گامزن ہے اور جامعہ کراچی کی ترقی پر ہم انتظامیہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اے پی ایم ایس او کے وفد نے جامعہ کراچی کے وائس چانسلر کو طلباء کے مسائل بھی پیش کئے اور انکے حل کیلئے درخواست کی۔ جامعہ کراچی کے وائس چانسلر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم نے اے پی ایم ایس او کے وفد کی گزارشات کو توجہ سے سنا اور اے پی ایم ایس او کی نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او نے ہمیشہ جامعہ کراچی کے وقار کو بلند کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ وائس چانسلر نے اے پی ایم ایس او کے وفد کو طلباء کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی بھی کرائی۔

## ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 102 کی ورکنگ کمیٹی کے انچارج سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 102 کی ورکنگ کمیٹی کے انچارج مقصود کی والدہ محترمہ سرداراں بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن جاوید مسیح کے بیٹے حنی مسیح کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

☆☆☆☆☆